31/03/2026

07.40 / PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگرہے ۔خبروں کا بلیٹن لےکر مینتجمل قادری
پہلے اہم خبروں کی سرخیاں ۔

ہیڈ لائنز

*........ جمونو کشمیر پیٹرولیم مصنوعات اور LPG کا وافر سٹاک موجود// امور صارفین کے وزیر ستیش شرما کا ایوان میں بیان۔

*........18ہزار382کروڑ روپے کی واجب الادا رقومات واگذار// وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے ایوان کو کیا مطلع۔

*........نگروٹہ میں پیش آئے دلخراش حادثے میں3نوجوان غرق آب// ایل جی اور وزیر اعلیٰ نے کیا رنج و غم کا اظہار۔

اور

*........ اکنامِک اوفنسز وِنگ سرینگر نے 55 لاکھ 11 ہزار روپے کی دھوکہ دہی معاملے کو کیا بے نقاب// ملزم کے خلاف چارج شیٹ عدالت میں پیش۔

LG

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ جمونوکشمیر کی تہذیب اور روحانی ورثہ سب کےلئے ایک تابناک مستقبل یقینی بنانے میں اہم کر دار ادا کرے گا۔ جموں میں شری کیلاش جیوتِش اور ویدک سنستھان ٹرسٹ کے اہتمام سے منعقدہ جموں وکشمیر کلچرل فیسٹول کی افتتاحی تقریب سے خطاب کر تے ہوئے لیفٹنٹ گورنر نے کہا کہ یہ فیسٹول تاریخی ورثے، لوک فن اور روحانی بنیادوں اورروایات کو محفوظ رکھنے اور ہماری شناخت کو مضبوط بنانے میں اہم کر دار ادا کرے گا۔ انہوننے کہا کہ اُبھرتے بھارت کی ذمہ داری ہے کہ علمی معیشت کو فروغ دینے کے ساتھ ساتھ اختراعات، ثقافتی اقدار اور فلسفانہ فکر کو عالمی سطح پر عام کیا جائے۔ منوج سنہا نے کہا کہ دنیا نئے افکار و خیالات کی منتظر ہے اور ہمارے نوجوانوں کو اپنی اصل بنیاد کی طرف سے متوجہ ہو کر نئے خیالا ت کو جنم دینا چاہئے ۔ تقریب پر ممبران اسمبلی شام لال شرما اور دیویانی رانا کے علاوہ دیگر کئی شخصیات بھی موجود تھیں۔

اسمبلیGong

*........اب پیش ہیں جموں کشمیر کے ایوان اسمبلی سے اہم خبریں۔

----

ستیش شرما

خوراک ، امور صارفین و عوامی تقسیم کا ری کے وزیر ستیش شرما نے آج ایوان کو مطلع کر تے ہوئے کہا کہ جمونو کشمیر میں پیٹرولیم مصنوعات اور LPGکا وافر سٹاک موجود ہے۔

محمد یوسف تاریگامی کی طرف سے توجہ دلا ؤ نوٹس کا جواب دیتے ہوئے وزیر موصوف نے کہا کہ Oil Marketing کمپنیوں کی طرف سے یومیہ بنیاد پر جاری کر دہ رپورٹ کے مطابق یوٹی میں پیٹرول، ڈیزل اور LPG کی وافر مقدار موجود ہے جس سے عوام میں پائی جا رہی تشویش رد ہو تی ہے۔ انہوننے عوام سے کہا کہ وہ افواہوں پر دھیان نہ دیں۔
وزیر نے بتایا کہ GEO پولیٹیکل سطح پر جا ری ناگزیر حالات کی وجہ سے ایک ہنگامی صورتحال پیدا ہوئی ہے جس کے نتیجے میں پیٹرولیم مصنوعات میں کھپت میں اضافی دباؤ پڑا ہے۔
تاہم پیٹرولیم مصنوعات اور LPG کی سپلائی میں توزن برقرار ہے اور پیٹرولیم مصنوعات کی تقسیم کا ری اور دستیابی سے متعلق رپورٹس اطمینان بخش ہیں۔

CMاسمبلی
وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا ہے کہ سرکاری محکموں میں اسامیاں مقررہ مدت میں اور شفاف طریقے سے پُر کی جائیں گی۔ اسمبلی میں پلوامہ وحید پرہ کے ایک MLA سوال کے جواب میں وزیر اعلیٰ نے اسمبلی میں کہا ہے کہ ان معاملات کے حوالے سے کسی بھی جلد بازی کا خمیازہ بے روزگار نوجوانوں کو اُٹھانا پڑتا ہے اس لئے سرکار تمام لوازمات کا خیال رکھتے ہوئے ان اسامیوں کو پُر کرے گی۔
-----Byte-----
اس سے پہلے اسمبلی ممبر پلوامہ وحید پرہ نے بے روزگاری کے حوالے سے وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ سے جواب طلب کر تے ہوئے ایوان میں جانکاری دی کہ جموںو کشمیر میں اس وقت بے روزگاری کی شرح 32فیصد ہے جوکہ اس وقت تک کی سب سے زیادہ بے روزگاری کی شرح ہے۔
------Byte----

وزیر اعلیٰ
وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے آج ایوان کو مطلع کیا کہ سرکار نے18ہزار382کروڑ روپے کی Liabilities کو Clear کردیا ہے۔ اس میں12ہزار561کروڑ روپے کی Gratvity, Commutation,Leave Sallery اور التواءمیں پڑی بلیں جن میں کنٹریکٹر بلز وغیرہ شامل ہیں۔
انہوننے کہا کہ اسکے علاوہ5ہزار821کروڑ روپے GP فنڈ بھی اس دوران ملازمین کو فراہم کیا گیا ۔ انہوننے سرکار کے اس عزم کا اعادہ کیا کہ آنے والے وقت میں بھی ملازمین اور ٹھیکداروں کو ان کی واجب الادا رقومات انہیں مقررہ وقت پر فراہم کی جائیں گی اور سب کے دوران شفافیت کے عنصر کو برقرار رکھا جائے گا۔
ممبر اسمبلی حبہ کدل شمیمہ فردوس کی جانب سے پیش کی گئی توجہ دلاؤ تحریک کے جواب میں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ کانسچونسی ڈیولپمنٹ فنڈ سکیم کے تحت ہر ممبر اسمبلی فائنانس محکمہ کی طرف سے جا ری رہنما خطوط کے تحت50لاکھ روپے کی رقم ہاوسنگ ایڈ اورقدرتی آفات یا پھر آگ متاثرہ کنبوں کےلئے مختص کی جا سکتی ہے۔

نائب وزیر اعلیٰ
نائب وزیر اعلیٰ سریندر چودھری نے کہا ہے کہ سوپو ر بھائی پاس پُل مال بردار گاڑیوں کےلئے تعمیری لحاظ سے محفوظ اور مضبوط ہے۔ تاہم انہوننے کہا کہ مسافر گاڑیوں کی آرام دہ آواجائی کےلئے پُل پر مزید تارکول بچھایا گیا ہے۔
اسمبلی ممبر ارشاد رسول کی طرف سے توجہ دلاؤ نوٹس کا جواب دیتے ہوئے نائب وزیر اعلیٰ نے کہا کہ پُل پر موجود دراڑوں اور گھڑوں کی مرمت کر کے جاذب نظر بنایا گیا ہے۔

تبادلے
ملازمین کے تبادلوں کے معاملے پر وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا ہے کہ ملازمین کی بھرتی کو صرف عام سطح تک ہی محدود نہیں رکھا جا سکتا ہے ۔قانون ساز اسمبلی میں کل ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا ۔
-------BYTE-------

سکینہ ایتو
تعلیم و سماجی بہبود کی وزیر سکینہ ایتو نے آج ایوان کو جانکاری دیتے ہوئے کہا کہ ضلع سرینگر میں 1 ہزار 1سو 90آنگن واڑی مراکز فعال ہے جن میں سے152 سینٹرل شالٹینگ حلقے میں کام کر رہے ہیں۔ انہوننے کہا کہ نئے مراکز کے قیام کی فی الحال کوئی تجویز زیر غور نہیںہے۔ تاہم ضرورت کے مطابق معاملہ مرکزی حکومت کے ساتھ اُٹھایاجائے گا۔
وزیر موصوفہ نے بتایا کہ حلقے میں 6ہزار7 سو56 مستفیدین مختلف فلاحی سکیموں سے فائدہ اُٹھا رہے ہیں جبکہ بزرگ افراد کےلئے ماہانہ پنشن میں بھی حال ہی میں اضافہ کیا گیا ہے۔ تعلیم کے شعبے پر بات کرتے ہوئے انہوننے کہا کہ سرکاری سکولوں میں کمپیوٹر سے جڑی تعلیم، ڈیجیٹل لیٹریسی اور ہنر پر مبنی مضامین مرحلہ وار متعارف کرائے جارہے ہیں جبکہ مصنوعی ذہانت کو نصاب میں شامل کرنے پر بھی غور کیا جا رہا ہے۔

سکینہ ایمبولینس
وزیر صحت سکینہ ایتو نے کہا ہے کہ108ایمر جنسی سروسز کے تحت عالمی بینک کی مالی معاونت سے حاصل کی گئی جدید سہولیات سے لیس ایمبولینس گاڑیاں مختلف طبی اداروں کو ضرورت اور اداراجاتی ترجیح کے تحت فراہم کی گئیں۔
قانون ساز اسمبلی میں آج ممبر اسمبلی ڈاکٹر بشیر احمد ویری کی جانب سے توجہ دلاؤ تحریک کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ یہ ایمبولینس گاڑیاں اسپتالوں پر مریضوں کے دباؤ، سہولت کی طلب اور دیگر ضروری قواعد و ضوابط کو ملحوض نظر رکھتے ہوئے تقسیم کی گئی ہیں۔ انہوننے مطلع کیا کہ سب ڈسڑکٹ اسپتال بجبہاڑہ میں اس وقت چار ایمبولینس گاڑیاں دستیاب ہیں۔

ریزرویشن

ریزرویشن معاملے کے حوالے سے وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کی طرف سے تشکیل دی گئی سب کمیٹی نے رپورٹ تیار کر لی ہے۔ اب اس معاملے کے ایل جی منوج سنہا کی منظوری درکار ہے۔ اس حوالے سے کابینہ وزیر سکینہ ایتو نے میڈیا سے بات کر تے ہوئے کہا۔

-----Byte-----

بریک

یہ خبر یں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سما عت کر DTH اور AIR خبر ینآپ آکاشو انی کے موبا ئیل ا پلیکشن نیوز آن سکتے ہیں۔

ہمارے خبروں کے بلیٹن اور نیوز روم کے پروگراموں ، ڈسٹرکٹ نیوز لیٹر، نئی منز لیں اور شہر شہر منظر کے بارے میں آپ اپنا فیڈ بیک ہمارے ای میل ایڈریس

پر بھیج سکتے ہیں - Radiokashmir@gmail.com

-----Gong-----

ہمارے علاقائی نیوز بلیٹن اور پروگرام یوٹیوب ، ایکس اور انسٹاگرام پر بھی دستیاب ہیں -

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے آج انڈسٹریز اینڈ کامرس محکمے کی ایک جائزہ میٹنگ ہیلتھ کلینکس MSMEسکیم کے تحت قائم کئے گئے RAMP کی صدارت کر تے ہوئے کی پیش رفت اور ان سے پڑنے والے اثرات کا جائزہ لیا۔

واضح رہے کہ مذکورہ سکیم کو جمونو کشمیر بھر میں غیر اطمینان بخش کار کر دگی سے متاثر اور بیمار پڑے صنعتی یونٹوں کی احیائے نو کےلئے عملایا جا رہا ہے۔

چیف سیکریٹری نے میٹنگ کے دوران متعلقین پر زور دیا کہ وہ ایک منظم اور نتیجہ خیز حکمت عملی اپنا کر موجودہ اداراجاتی اور انسانی وسائل سے بھر پور استفادہ کریں۔ انہوںنے محکمے پر زور دیا کہ وہ مختلف شعبوں میں موجود ماہرین کی کی ترقی کےلئے استعمال کرے۔MSMEsخدمات کو بھی

تعزیتLG

لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے نگروٹہ میں دریائے توی میں پیش آئے حادثے پر رنج و غم کا اظہار کر تے ہوئے کہا ہے کہ یہ ایک دلخراش حادثہ ہے ۔ انہوںنے مرحومین کے لواحقین سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کر تے ہوئے غمزدہ خاندانوں کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کیا ہے۔

واضح رہے کہ اس حادثے میں3 نوجوان غرق آب ہوئے ہیں۔

حادثہ

وزیراعلیٰ عمر عبداللہ اور وقف بورڈ کی چیر پرسن ڈاکٹر سید درخشاں اندرابی نے جگتی نگروٹہ میں تین نوجوانوں کے غرقآب ہونے کے المناک واقع پر گہرے دکھ کا

اظہار کیا ہے۔ انہوں نے سوگوار کنبوں کے ساتھ تعزیت کرتے ہوئے جان بحق نوجوانوں کے ابدی سکون کے لیے دعا کی ہے۔

نشہ مکت بھارت ابھیان

نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت سماج کو منشیات کی لعنت سے چھٹکارا دلانے کیلئے ملک بھر میں ہر سطح پر کوششیں جاری ہیں۔وزیر اعظم نریندر مودی کا پیغام۔

............(PM)....Byte............

جموں کشمیر میں نوجوانوں کو اس لت سے دور رکھنے کیلئے لازمی اقدامات کے بارے میں ایک معروف افسانہ نگار رحیم رہبر نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا ۔

--(Byte)--

زبیر سلیم

عمر ڈھلنے کے ساتھ ساتھ بزرگوں کوکئی طرح کے طبی مسائل اور بیماریوں کا سامنا رہتا ہے جن میں Fatty Liver کی بیماری بھی شامل ہے ۔ اس بیماری سے بچنے کے احتیاطی تدابیر اور علامات کے بارے میں معروف معالج اور بزرگوں کے طبی مسائل کے ماہر ڈاکٹر اور معزز شہریوں کے لئے کام کرنے والی سرکار کے ساتھ رجسٹر شدہ غیر سرکاری تنظیم مول موج فاونڈیشن کے بانی چیر مین ڈاکٹر زبیر سلیم نے آکاشوانی نیوز سرینگر کو بتایا۔

........Dr. Zubair............

پروگرام اطلاع

آکاشوانی سرینگر کے شعبہ خبر کی جانب سے تیار کیا گیا خصوصی پروگرام War in West Asia and Energy Situation آج رات ساڑھے8بجے نشر ہو رہا ہے۔ پروگرام کے مہمان ہیں معروف ماہر اقتصادیات ڈاکٹر اعجاز ایوب۔ پروگرام کے میزبان ہیں شعبہ خبر کے سربراہ طارق راتھر۔

پولیسGong

*........اب پیش ہیں منشیات کے خلاف پولیس اور دیگر عوام دوست سرگرمیوں سے متعلق خبریں۔

----Gong----

فراڈ کیس

کرائم برانچ کشمیرنے جائیداد فراڈ کے ایک بڑے کیس میں تقریباً 55لاکھ 11ہزار روپے کی دھوکہ دہی بے نقاب کر تے ہوئے ملزم کے خلاف چارج شیٹ عدالت میں پیش کر دی ہے۔ ملزم نے مکان فروخت کرنے کے بہانے رقم وصول کی اور بعد میں وہی جائیداد کسی اور کو فروخت کر دی۔

تحقیقات میں یہ انکشاف ہوا کہ مذکورہ جائیداد پہلے ہی جموںو کشمیر بینک میں گروی رکھی گئی تھی۔ پولیس کا کہنا ہے کہ ملزم کے خلاف تعزیرات ہند کی دفعہ420 کے تحت معاملہ درج کیا گیاہے۔

کشمیر پولیس

جموںو کشمیر پولیس نے مختلف اضلاع میں منشیات اور دیگر قانونی خلاف ورزیوں کے خلاف مہم تیز کردی ہے۔ پولیس نے ڈوڈہ میں ناکہ چیکنگ کے دوران ایک مبینہ منشیات فروش کو گرفتار کیا جس کے قبضے سے7گرام ہیروین جیسا مادہ بر آمد کیا گیا۔
شوپیا ن میں بھی ایک اور منشیات فروش کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے6گرام ممنوعہ مادہ بر آمد کیا گیا۔ پولیس نے جموں کے جانی پور علاقے کیس میں مطلوب تھا۔Pocsoمیں7برس سے مفرور ایک ملزم کو گرفتار کیا جو
اونتی پورہ میں غیر قانونی کان کنی کے خلاف کارروائی کر تے ہوئے پولیس نے ایک مشین ضبط کی۔ پولیس نے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ جرائم اور منشیات کے خاتمے کےلئے اپنا تعاون جا ری رکھیں۔

پولیس رن

جموںو کشمیر پولیس نے آج ترال پلوامہ میں سر دار البھ بھائی پٹیل کی خدمات کو خراج پیش کرنے کےلئے ایک یونیٹی رن کا اہتمام کیا۔

مہا ویر جینتی مبارک

ملک بھر میں آج مہاویر جینتی کا تہوار منایا جا رہا ہے ۔ اس موقعہ پر لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے لوگوں کو مبارکباد دی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں انہوں نے کہا کہ بھگوان مہاویر کی اہنسا ،سچائی اور ہمدردی کی تعلیمات انسانیت کے لیے رہنمائی کا کام کرتی ہےں۔
لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے مہا ویر جینتی کے سلسلے میں آج جموں میں ایک تقریب میں شرکت کی۔ اس موقعے پر اپنے خیالات کا اظہار کر تے ہوئے انہوںنے کہا کہ بھگوان مہا ویر کی تعلیمات آج کے دور میں بھی ہم سب کےلئے مشعل راہہیں۔
انہوںنے اس موقعے پر لوگوں کو مبارکباد دیتے ہوئے ان کےلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔
وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے مہا ویر جینتی پر لوگوں کو مبارکباد دی ہے۔ اپنے مبارکبادی پیغام میں انہوںنے کہا ہے کہ جموںوکشمیر میں مختلف مذاہب کے تہوار آپسی بھائی چارے اور رواداری کی عکاسی کر تے ہیں۔ انہوںنے لوگوں کے خوشحالی اور امن کی نیک خواہشات ظاہر کی۔

NC

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے مہا ویر جینتی پر اہلِ وطن بالخصوص جین برادری کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ دورِ جدید میں مذہبی اتحاد اور باہمی احترام نہایت ضروری ہے۔
انہوننے ایک دوسرے عقائد کا احترام کر تے ہوئے محبت، بھائی چارے اور یکجہتی کو فروغ دینے پر زور دیتے ہوئے کہا کہ مہا ویر جینتی جیسے مواقعے ہمیں عدم تشدد اور رواداری کا سبق دیتے ہیں۔
پارٹی کے معاون جنرل سیکریٹری اجے کمار سدہوترا، صوبائی صدر جموں، ایڈوکیٹ رتن لال گپتا، سینئر لیڈران ڈاکٹر سمیر کول اور جگدیش آزاد نے بھی اس موقعے پر لوگوں کو مبارکباد پیش کی ہے۔

سبکدوش

دوردرشن کیندر سرینگر کی پروگرام ہیڈ رابعیہ رسول آکاشوانی سرینگر کے پروگرام ایگزیکٹیو ڈاکٹر ستیش وِمل کمرشل براڈ کاسٹنگ سروس سے وابستہ سینئر وجیہہ سراج میرانی،ٹیکنیشن کنٹرول روم مشتاق احمد ڈار، گلزار احمد Announcer بٹ ہیڈ کلیرک آکاشوانی سرینگر، شفیق احمد صوفی کلیرک آکاشوانی سرینگر آج سرکاری ملازمت سے سبکدوش ہوئے ہیں۔
اس سلسلے میں آکاشوانی سرینگر کے آڈیٹوریم میں منعقدہ ایک تقریب پر ان افسران سربراہطارق راتھر، نیوز RNU و ملازمین کی خدمات کو سراہا گیا۔ ڈائریکٹر نیوز اور اور نیوز روم سے وابستہ سبھی Kausheky Kashyap ایڈیٹرس اشفاق احمد شاہ اور عملے نے سبکدوش ہوئے ملازمین کےلئے نیک خواہشات کا اظہار کر تے ہوئے ان Retirement زندگی کی خوشحالی کےلئے دعا کی گئی Post Retirement کی زندگی کی خوشحالی کےلئے دعا کی گئی۔

موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق اگلے 24گھنٹوں کے دوران جموں کشمیر میں اکثر مقامات پر گرج چمک کے ساتھ درمیانہ درجے کی بارش یا برفباری ہو نے کا امکان ہے ۔
سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 17 اعشاریہ1ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 6 اعشاریہ1 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔
جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 30 اعشاریہ 4 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 16 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔
سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح6بجکر 18 منٹ اور
غروب آفتاب شام6 بجکر51منٹ پر ہو گا۔
اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔
خبروں کا اگلا بلیٹن کل صبح 7.45 منٹ پر
کشمیری میں نشر ہو گا ۔
خدا حافظ۔